BY FAX

# CENTRAL POLICE OFFICE, PUNJAB, LAHORE
# (OPERATIONS BRANCH)

**No.** /OPS/S-III, **Dated.** .2024

To 1. The Addl. Inspectors General of Police, Special Branch, Elite, PHP & South Punjab.
2. The Capital City Police Officer, Lahore.
3. All Regional Police Officers, in Punjab.
4. The DIG/SPU, Punjab, Lahore.
5. The DIG/Operations, Lahore.
6. All City Police Officers, in Punjab.
7. All District Police Officers, in Punjab.

Subject: **GUIDANCE MANUAL FOR POLLING STATION SECURITY PLAN.**

**Memo:**


Find enclosed herewith a copy of guidance manual book received from Election Commission of Pakistan for information, immediate necessary action and also share with all Police personnel, please.

**AIG/Operations**
for Provincial Police Officer,
Punjab.

# رہنمائی کتابچہ

برائے

پولنگ اسٹیشن پر تعینات سکیورٹی اہلکاران



# پیش لفظ



آئین پاکستان کے آرٹیکل 218(3) کے تحت آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارنہ الیکشن کا انعقاد الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔جس کے ثمرات ملک میں جمہوری عمل کی مضبوطی اور اقتدار کی عوام کے منتخب نمائندوں تک منتقلی کی شکل میں رونما ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ امر بہت اہم ہے کہ انتخابات کا انعقاد اور انتخابی عمل کی شفافیت اور غیر جانبداری نہ صرف عملی طور پر وقوع پذیر ہو بلکہ واضح نظر بھی آئے۔ الیکشن کے عمل کو نہایت عمدہ طریقے سے چلانا پولنگ اسٹاف اور سکیورٹی اہلکاروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ خاص طور پر پولنگ اسٹیشن پر انہیں نہ صرف انتخابی قوانین اور طریقہ کار کا خیال رکھنا ہوتا ہے بلکہ ان کی روح کے مطابق ان پر عملدر آمد بھی یقینی بنانا ہوتا ہے جس کے لئے پولنگ کے دوران مکمل غیر جانبداری نہایت ضروری ہے۔

الیکشن کمیشن سکیورٹی کے فرائض انجام دینے والے اہلکاروں سے توقع کرتا ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی انتہائی مستعدی، غیر جانبداری اور قانون کے مطابق سرانجام دیں گے اور پُرامن اور شفاف انتخابات کے انعقاد میں الیکشن کمیشن کی معاونت کریں گے۔

سکندر سلطان راجہ

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان

اسلام آباد

# سکیورٹی عملہ کے لیے ضابطہ اخلاق

A. عام انتخابات 2024 کے لئے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعلق رکھنے والے سیکورٹی اہلکار[1] (سوائے مسلح افواج اور سول آرمڈ فورسز جن کے لیے علیحدہ ضابطہ اخلاق جاری کیا گیا ہے) جو ڈیوٹی پر تعینات ہوں گے وہ:-

i. قانون کے مطابق تفویض کردہ مینڈیٹ کی حدود میں رہتے ہوئے پولیس اہلکار اور دیگر سکیورٹی اور انتخابات 2024 کے آزادانہ، مُنصفانہ، غیر جانبدارانہ اہلکار اپنے فرائض سرانجام دیں گے اور پُرامن انعقاد کے لئے الیکشن کمیشن کی معاونت کریں گے یہ سکیورٹی اہلکار:-

a. تمام پولنگ اسٹیشنوں کے باہر تعینات ہوں گے۔
b. امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے محفوظ ماحول کے قیام کو یقینی بنائیں گے۔
c. بیلٹ پیپر کی چھپائی کے دوران پرنٹنگ پریس پر سکیورٹی یقینی بنائیں گے۔
d. پرنٹنگ پریس سے ریٹرننگ افسران کے دفاتر تک بیلٹ پیپروں کی ترسیل کے دوران سکیورٹی فراہم کریں گے۔
e. ریٹرننگ افسران کے دفاتر سے پولنگ اسٹیشنز تک پولنگ بیگز کی نقل و حمل کے دوران پریذائیڈنگ افسران کی سکیورٹی یقینی بنائیں گے۔

[1] پولیس، فرنٹیئر کانسٹیبلری، پنجاب کانسٹیبلری، بلوچستان کانسٹیبلری اور لیویز کے اہلکاروں کو شامل کریں جو صرف الیکشن ڈیوٹی-2024 کی حمایت میں سیکورٹی کی فراہمی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے تعینات ہیں۔

f. پولنگ اسٹیشنز پر پولنگ اور گنتی کا عمل مکمل ہونے کے بعد اور ریٹرننگ آفیسرز کے دفاتر تک انتخابی ریکارڈ کی منتقلی اور وصولی، عارضی نتائج کے اعلان اور ریٹرننگ آفیسر کی طرف سے حتمی نتائج کی تیاری تک سکیورٹی دیں گے۔

ii. پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 220 اور الیکشنز ایکٹ 2017 (2017 کا XXXIII) کے سیکشن 193 کے تحت اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔

iii. قانون نافذ کرنے والے اداروں کا ہر گزیٹڈ افسر الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 193 کے تحت الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق تفویض کردہ اختیارات استعمال کرے گا۔

iv. الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 83(4) کے تحت متعلقہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران، ریٹرننگ افسران اور پریذائیڈنگ افسران کے ساتھ تعاون کریں گے۔

v. پریذائیڈنگ آفیسر کو اپنے قانونی فرائض کی باآسانی اور مؤثر طریقے سے انجام دہی میں معاونت کریں گے کیونکہ پولنگ سٹیشن پر نظم و نسق برقرار رکھنا پریذائیڈنگ آفیسر کی بنیادی ذمہ داری ہے اور کسی بھی شخص کو جو پولنگ اسٹیشن پر ضابطے یا کسی قانونی حکم کی خلاف ورزی میں ملوث ہو اس کو پولنگ اسٹیشن کے باہر نکال سکتا ہے۔

vi. انتخابی عمل کے دوران بالعموم اور ووٹنگ کے عمل کے دوران بالخصوص غیر جانبدار رہیں گے اور کسی سیاسی جماعت یا امیدوار کے حق یا مخالفت میں کوئی کام نہیں کریں گے اور نظم و نسق کو

برقرار رکھنے کے لیے پریذائیڈنگ آفیسر کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے تاکہ پولنگ اسٹیشن پر بلاتعطل ووٹنگ کو یقینی بنایا جائے۔

v. احترام سے پیش آئیں۔ رائے دہندگان اور پولنگ عملے کے ساتھ اچھے برتاؤ کا مظاہرہ کریں، کسی بھی صورت حال سے نمٹنے کے دوران ثابت قدم رہیں اور قانون کے مطابق رویہ رکھیں۔ پولنگ اسٹیشن کے باہر کسی بھی غیر یقینی یا ناخوشگوار صورتحال میں لوگوں کی رہنمائی کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ووٹر کو پولنگ اسٹیشنوں کے باہر پُر امن، محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے اور رائے دہندگان کو کسی بھی طرح سے نہ ڈرایا دھمکایا جائے اور نہ ہی کسی کو ووٹ ڈالنے سے روکا جائے۔

vi. پولنگ اسٹیشن کے احاطے میں داخل ہونے سے پہلے ہر ووٹر کی تلاشی لیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ کوئی بھی شخص اپنے ساتھ کوئی ہتھیار / دھماکہ خیز یا ناپسندیدہ چیز بشمول موبائل فون نہ لا سکے جو پولنگ کے عمل کو سبوتاژ کر سکتا ہے۔

vii. ووٹرز کو سہولت فراہم کریں اور یقینی بنائیں کہ وہ مناسب طریقے سے قطار میں ہیں۔ عمر رسیدہ افراد، ٹرانس جینڈر، حاملہ خواتین، نوزائیدہ بچوں والی خواتین اور معذور ووٹرز ترجیحی سلوک کے حقدار ہیں۔

viii. پولنگ اسٹیشن کے باہر ڈیوٹی کرتے ہوئے پر امن اور شفاف پولنگ کے عمل کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دیں اور اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے پریذائیڈنگ آفیسر کی ہدایات پر عمل کریں۔

ix. اس بات کو مد نظر رکھا جائے کہ قانون کے مطابق ہر امیدوار کے ایک پولنگ ایجنٹ کو ہر پولنگ بوتھ پر موجود رہنے کی اجازت ہے، تاہم، پریذائیڈنگ آفیسر ہر امیدوار کے صرف ایک پولنگ ایجنٹ کو گنتی کے عمل اور نتائج کی تیاری کا مشاہدہ کرنے کی اجازت دے گا۔

x. اس حقیقت سے آگاہ رہیں کہ گنتی کے عمل کا مشاہدہ کرنے والے ہر امیدوار کے پولنگ ایجنٹ کو قانون کے مطابق پریذائیڈنگ آفیسر سے فارم-45 (گنتی کا نتیجہ) اور فارم-46 (بیلٹ پیپر اکاؤنٹ) کی کاپی لینے کی اجازت ہے۔ اسی طرح مبصر، اگر کوئی جو گنتی کے وقت موجود ہو تو وہ بھی پریذائیڈنگ آفیسر سے فارم-45 (گنتی کا نتیجہ) اور فارم-46 (بیلٹ پیپر اکاؤنٹ) کی مذکورہ کاپیاں حاصل کر سکتا ہے۔

xi. ریٹرننگ آفیسر کے دفتر کے احاطے کو حتمی نتائج کی تکمیل تک سکیورٹی فراہم کریں اور پولنگ بیگز اور دیگر سامان کی کمیشن کے اسٹرانگ روم میں محفوظ منتقلی کو یقینی بنائیں۔

xii. تمام انتخابی قوانین / متعلقہ قوانین کی پاسداری کریں اور انتخابی عمل کے دوران محفوظ ماحول اور امن و امان کو برقرار رکھتے ہوئے عوام کا اعتماد حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

xiii. آگاہ رہیں کہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسرز / ریٹرننگ آفیسرز کسی بھی وقت پولنگ اسٹیشنوں کا دورہ کر سکتے ہیں۔

xiv. منظور شدہ مبصرین اور میڈیا کے مجاز افراد کو پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے۔ میڈیا کے افراد کو ووٹنگ کے عمل یا گنتی کے عمل کی فوٹیج بنانے کے لیے کیمرے کے

ساتھ داخلے کی اجازت دی جائے گی انہیں اسکرین آف کمپارٹمنٹ کی فوٹیج بنانے کی اجازت نہیں ہے تاکہ بیلٹ کی رازداری کو برقرار رکھا جاسکے۔

B. عام انتخابات-2024 کے لیے انتخابی ڈیوٹی پر تعینات قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار بمعہ پولیس سے تعلق رکھنے والے:-

i. ووٹروں سے ووٹر پرچی پیش کرنے یا اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے نہ کہیں کیونکہ یہ پولنگ آفیسر کا فرض ہے۔

ii. کسی بھی اہل ووٹر کو پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے سے منع نہ کریں کیونکہ پولنگ اسٹیشن میں اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے داخل ہونا اس ووٹر کا ناقابلِ تنسیخ حق ہے جسے اس پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنے کے لیے تفویض کیا گیا ہے۔

iii. کوئی ایسا عمل نہ کریں جس سے جانبدار یا متعصب ہونے کا تاثر پیدا ہو۔

iv. کسی بھی صورت میں پولنگ عملے کی ذمہ داریاں نہ سنبھالیں۔

v. بیلٹ پیپرز، مارکنگ ایڈ اسٹیمپ، آفیشل کوڈ مارک اسٹیمپ، انتخابی فہرستیں، بیلٹ بکس وغیرہ سمیت کوئی بھی انتخابی مواد اپنی تحویل میں نہ لیں۔

vi. مزید برآں، پولنگ عملے کے علاوہ کسی دوسرے شخص کو مذکورہ انتخابی مواد کو اپنی تحویل میں لینے کی اجازت نہ دیں۔

vii. کسی بھی امیدوار، الیکشن ایجنٹ، پولنگ ایجنٹ، مبصر یا میڈیا پرسن کے ساتھ کسی بھی طرح سے بحث و تکرار اور جھگڑا نہ کریں۔

viii. پریذائیڈنگ آفیسر، اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر یا پولنگ آفیسر کے کام میں کسی بھی طرح سے مداخلت نہ کریں۔

ix. پولنگ اسٹیشن کے باہر کسی بے قاعدگی پر اپنی طرف سے جواب نہ دیں بلکہ اس معاملے کو پریذائیڈنگ آفیسر کے علم میں لائیں گے اور اس سے اس معاملے میں ضروری ہدایت لیں گے۔

x. گنتی کے عمل کے دوران امیدوار، اس کے انتخابی ایجنٹ یا اس کے پولنگ ایجنٹ یا مبصر کی موجودگی پر اعتراض نہ کریں۔

xi. پولنگ اسٹیشن پر کسی بھی شخص کو اس وقت تک گرفتار نہ کریں جب تک پریذائیڈنگ آفیسر کی طرف سے واضح طور پر ایسا کرنے کی ہدایت نہ کی گئی ہو۔

xii. گنتی کے عمل میں کسی بھی طرح سے مداخلت نہ کریں بلکہ گنتی کے عمل کی تکمیل کے لیے پولنگ اسٹیشن کے باہر پرامن ماحول فراہم کرتے رہیں جب تک کہ گنتی کے عمل میں کسی بے قاعدگی کی نشاندہی نہ کی جائے۔ اس صورت میں، وہ اپنے افسر انچارج کو فوری مطلع کریں جو ریٹرننگ افسر کو مطلع کرے گا۔